مرد کے لیے سونا پہننا حرام ہے، احادیث سے ثبوت

فتوی نمبر:WAT-806

تاریخ اجراء:14شوال المکرم1443ھ /16مئی2022ء

دارالافتاءاہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

زید نے بکر کو کہا کہ سونا پہننا مرد کے لئے حرام ہے تو بکر نے کہا یہ کہاں سے ثابت ہے؟تو آپ بتادیں کہ یہ کہاں سے ثابت ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

مرد کو سونے کا زیور پہننا ناجائز و حرام ہے اور یہ کئی احادیث مبارکہ سے ثابت ہے۔ جیسا کہ مسند امام احمد بن حنبل میں ہے:رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:جو اللہ عزوجل اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ ریشم اور سونا ہرگز نہ پہنے۔(المسند للامام احمد بن حنبل،الحدیث:۲۲۳۱۱،ج۸،ص۲۹۳)

حضرت سیدنا عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ "نبی کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کا فرمان ہے"میرا جو اُمتی اس حال میں مرا کہ شراب پیتا تھا اللہ عزوجل جنت میں اس پر (جنتی) شراب پینا حرام کردے گا اور میرا جو اُمتی اس حال میں مرا کہ دنیا میں سونے کا زیور پہنتا تھا اللہ عزوجل جنت میں اس پر سونا پہننا حرام فرمادے گا۔(المسند للامام احمد بن حنبل،الحدیث:۶۹۶۶،ج۲،ص۶۵۹)

رسول اکرم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے ایک شخص کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی تو اسے اتار کر پھینک دیا اور ارشاد فرمایا"تم میں سے کوئی آگ کے انگارے کا ارادہ کرتا ہے پھر اسے اپنے ہاتھ میں رکھ لیتا ہے۔" حضور نبیٔ پاک صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم کے جانے کے بعد اس شخص سے کہا گیا:اپنی انگوٹھی اٹھالو اور اسے بیچ کر نفع اٹھاؤ۔"تو اس نے کہا:"خدا عزوجل کی قسم!جس انگوٹھی کو اللہ کے رسول عزوجل و صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلَّم نے پھینک دیا میں اسے ہرگز نہیں اٹھاؤں گا۔(صحیح مسلم، کتاب اللباس والزینۃ،تحریم خاتم الذھب علی۔۔۔۔۔الخ،الحدیث:۵۴۷۲،ص۱۰۵۲)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

ابو احمد محمد انس رضا عطاری مدنی

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net